Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۶	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۴ شعبان المعظم ۱۳۴۵ھ مطابق ۷ فروری ۱۹۲۷ء	جلد ۳۹

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	ترمیم دفعہ ۲۳۰ قانون آئین حامدیہ ...	۱ و ۲
۲	علاقہ محصہ و اضافہ پنشن انوار حسین پیشکار ...	۲
۳	اضافہ منشی شبیر علی خان ...	۲
۴	انتظام بسلسلہ برخاستگی محمد شفیق مدرس [illegible] ...	۲ و ۳
۵	جرمانہ مدرس [illegible] ...	۳
۶	توسیع عمارت مدرسہ [illegible] ...	[illegible]
۷	مدرس [illegible] ...	[illegible]
۸	معطلی مدرس [illegible] ...	[illegible]
۹	توسیع عمارت مدرسہ حاجی نگر ...	[illegible]
۱۰	نائب مدرس [illegible] ...	[illegible]
۱۱	مدرس مدرسہ [illegible] ...	[illegible]
۱۲	رخصت [illegible] ...	[illegible]
۱۳	اضافہ [illegible] ...	[illegible]
۱۴	[illegible] ...	[illegible]
۱۵	[illegible] ...	[illegible]
۱۶	[illegible] ...	[illegible]

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۴ جنوری ۱۹۲۷ء

مویشی خانہ جات کے متعلق قانون آئین حامدیہ میں دفعہ (۲۳۰) کا یہ منشا ہے کہ مستاجر یا کارندہ رقم کا بجنسہ حیلۃً یا صریحۃً وصول کرنیکا مجاز نہیں ہے۔ اور دفعہ (۲۳۱) کا مضمون ہے کہ اگر خلاف دفعہ ما سبق کوئی مستاجر عمل کریگا تو سوائے الزام عدولحکمی و استحصال ناجائز کے سرکار کو انفساخ مستاجری و ضبطی ضمانت کا بھی حق حاصل ہے۔ چونکہ قانون آئین حامدیہ کو تعلق صیغہ مال سے ہے۔ اور رعایا و مستاجران کی حالت پر نظر رکھتے ہوئے

صاحب ریونیو سکریٹری بہادر دفعہ (۲۳۱) مین ترمیم چاہتے ہین - لہذا
باتفاق رائے صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر دفعہ مذکور کی ترمیم ہوکر
اب یہ مضمون دفعہ منظور کیا جاتا ہے - دفعہ (۲۳۱) اگر خلاف دفعے
ماسبق کوئی مستاجر عمل کریگا تو سوائے الزام عدول حکمی و استعمال ناجائز
سرکار کو انفساخ مستاجری و ضبطی ضمانت کا بھی حق حاصل ہے - اور یہ بھی حق
حاصل ہے کہ علاوہ یا بجائے سزاہائے متذکرہ صدر کے مستاجر کو سزای جرمانہ
دیجائے جسکی تعداد مبلغ دو سو روپیہ تک ہو سکتی ہے -

صیغہ مویشی خانہ جات صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت کے متعلق ہے اور انکی
استدعا ہے کہ ایسے لوگ جو مویشیان کو کانجیہوس مین داخل کرنے سے روک
لیتے ہین اور کچھ رقم لیکر چھوڑ دیتے ہین انکے خلاف حسب دفعہ (۱۸۸) تعزیرات ہند
کارروائی کیجائے - یا فیس المضاعف داخل کرائی جائے - صاحب ریونیو سکریٹری
بہادر نے اس سے بھی اتفاق کیا ہے کہ ایسی حالت مین صاحب سکریٹری بہادر
صنعت و حرفت المضاعف فیس وصول کرین تو نامناسب نہین ہے - لہذا صاحب
سکریٹری بہادر صنعت و حرفت المضاعف فیس داخل کرا سکتے ہین - اگر
صاحب موصوف کسی خاص حالت مین المضاعف فیس وصول کرنے کو
ناکافی سمجھین یا بجائے فیس المضاعف کے اس بات کی ضرورت سمجھین کہ ایسے
شخص کی نسبت کہ جسنے مویشیان کو کانجیہوس مین داخل کرنے سے روکا ہو
کارروائی دفعہ (۲۳۱) آئین حاضرہ (کہ جسمین دفعہ (۱۸۸) بھی شامل ہے)
کیجائے تو اسکو مع وجوہات کے اجلاس ہمایون مین بھیجدین - اس بارہ مین
اجلاس ہمایون سے حکم ہوگا -

ایک نقل اس حکم کی صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کے پاس - اور ایک
نقل صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت کے پاس مرسل ہو - اصل کاغذات
صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہون - درج گزٹ بھی
کرادیا جائے -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
برائے اجرائے احکام اندراج گزٹ صدر کو مرسل ہو - ۲۶ جنوری سنہ ۱۹۲۷ء
دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

لقب و اضافہ

۲۴ جنوری سنہ ۱۹۲۷ء

مثل عرضداشت صاحب سپرنٹنڈنٹ پرچہ اخبار دربارہ عطائے لقب
منصرم پرچہ اخبار - بمنشی محمد انوار الحسن ہیڈ کلرک پرچہ اخبار مشاہرہ
پچیس روپیہ و اضافہ دس روپیہ ماہوار بوجہ استحقاق دیرینہ
و حسن انجام خدمات متعلقہ بدیانت و ہوشیاری و لیاقت

حکم

منشی انوار الحسن کو منصرم پرچہ اخبار کا عہدہ دیا جاتا ہے - اور پانچ روپیہ ماہوار
اضافہ تنخواہ منظور کیا جاتا ہے - احکام ضابطہ جاری ہون -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اضافہ

۲۴ جنوری سنہ ۱۹۲۷ء

مثل عرضداشت صاحب ملٹری سکریٹری بہادر دربارہ منظوری
اضافہ مبلغ دو روپیہ ماہوار منشی شبیر حسین خان سپرنٹنڈنٹ شرقی میونسپلٹی
بوجہ مستعدی و ہوشیاری در کار سرکاری -

حکم

دو روپیہ ماہوار اضافہ حسب رپورٹ منظور ہوے - احکام ضابطہ جاری ہون -

دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

مورخہ ۲۵ جنوری سنہ ۱۹۲۷ء

مدرسہ مڈل مین محمد شفیق مدرس چہارم تنخواہ دار پندرہ روپیہ ماہوار برخاست ہو چکے ہین
اسوقت زمانہ امتحان قریب ہے طلبا کا ہرج ہوتا ہے لہذا بالفعل عارضی انتظام حسب ذیل کیا جاتا ہے

۱ - عزیز شاہ خان مڈل پاس مدرس دوم مدرسہ پہاڑی دروازہ تنخواہ بارہ روپیہ
ماہوار بجائے محمد شفیق مدرسہ مڈل مین تبدیل کیا جاتا ہے - عزیز شاہ خان
کو تین روپیہ ماہوار الاؤنس ملیگا -

۲ - اشتیاق حسین منشی و منشی عالم پنجاب و منشی الہ آباد کا بجائے عزیز شاہ خان
مدرسہ پہاڑی دروازہ مین بارہ روپیہ ماہوار تنخواہ پر تقرر کیا جاتا ہے
بعد امتحان سالانہ ان مدرسین کا کام دیکھکر انسپکٹر صاحب مدارس [illegible]

انتظام کے لئے رپورٹ کریں۔ لہذا

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

جرمانہ

۲۶ جنوری سنہ ۱۹۲۷ء

بقصور ہونے غیر حاضر بتاریخ ۱۸ جنوری سنہ ۱۹۲۷ء بوقت معائنہ اور غلط رپورٹ کرنے بابت دینے تعطیل تین روز بوجہ لینے یکا طلبا سے اکبر علی مدرس مدرسہ شہ پورہ تحصیل ملک کی تین روز کی غیر حاضری وضع کی گئی اور علاوہ اسکے ایک روپیہ جرمانہ آسپر کیا گیا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

۲۷ جنوری سنہ ۱۹۲۷ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس سے محمد الدین مدرس دوم مدرسہ گیر طوغان کی مدت ملازمت غیر مستقل میں ۱۹ فروری سنہ ۱۹۲۷ء سے دو ماہ کی توسیع کی گئی۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

۲۷ جنوری سنہ ۱۹۲۷ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس اشرف علی مدرس متوش تحصیل بلاسپور کی میعاد ملازمت غیر مستقل میں ۶ فروری سنہ ۱۹۲۷ء سے تین ماہ کی توسیع کی گئی۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

معطلی

۲۰ جنوری سنہ ۱۹۲۷ء

عبد الحمید مدرس ٹھوانی تحصیل شاہ آباد بوجہ ماخوذ ہونے بمقدمہ فراری ہوت معطل کیا گیا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

۲۷ جنوری سنہ ۱۹۲۷ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس سے ایوب بیگ مدرس حاجی نگر گنج حضور تحصیل کی مدت ملازمت غیر مستقل میں ۲۲ فروری سنہ ۱۹۲۷ء سے بالفعل دو ماہ کی توسیع کی گئی۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

۲۸ جنوری سنہ ۱۹۲۷ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس سے ہولاس رائے نائب مدرس ملک کی ملازمت غیر مستقل میں ۲۰ جنوری سنہ ۱۹۲۷ء سے دو ماہ کی توسیع کی گئی۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

۳۰ جنوری سنہ ۱۹۲۷ء

انسپکٹر صاحب مدارس کی غلط رپورٹ کی بنا پر تلسی رام مدرس مدرسہ پرم تحصیل ملک کی میعاد ملازمت غیر مستقل میں بجائے ۱۶ نومبر سنہ ۱۹۲۶ء کے ۱۶ دسمبر سنہ ۱۹۲۶ء سے توسیع تین ماہ کا حکم دیا گیا تھا۔ اس غلطی کی تصحیح کے لئے اب رپورٹ کی گئی ہے۔ لہذا تلسی رام مدرس پرم تحصیل ملک کی توسیع ملازمت غیر مستقل جو بحکم ۲۰ دسمبر سنہ ۱۹۲۶ء دیگئی ہے اس توسیع کا شمار ۱۶ نومبر سنہ ۱۹۲۶ء سے ہوگا بجائے

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۳ فروری سنہ ۱۹۲۶ء

مثبتہ رپورٹ صاحب ڈسٹرکٹ سیشن جج بہادر در بارہ منظوری رخصت مزید تین ہفتہ منشی عبدالرحمن منصرم نقول بوجہ علالت بانتظام سابقہ۔ علاوہ رخصت یک ہفتہ متصل سابقہ۔

حکم

مزید تین ہفتہ کی رخصت منصرم نقول کی بالفعل بانتظام موجودہ منظور کی۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

اضافہ

یکم فروری سنہ ۱۹۲۶ء

مثبتہ تحریر کنٹرولر صاحب ہوس ہولڈ در بارہ منظوری اضافہ تنخواہ منشی عزیز اللہ خان منصرم گاؤخانہ بوجہ محنت و ہوشیاری

دستخطی

حکم

منصرم گاؤخانہ کی تنخواہ میں پانچ روپیہ ماہواری اضافہ منظور کیا۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر واقع ۳ فروری سنہ ۱۹۲۶ء

یادداشت بخشی صاحب فوج بابت اجراء رسید داخلہ رقوم صیغہ بخشیگری جسکی نقل شامل ہذا ہے ذریعہ رپورٹ ۱۹ جنوری سنہ ۱۹۲۶ء بغرض صدور حکم منظوری اجلاس ہمایوں پیش کی گئی۔ اجلاس ہمایوں سے ۲۴ جنوری سنہ ۱۹۲۶ء کو حکم صادر ہوا کہ بموجب رپورٹ صیغہ بخشیگری میں رسید تحویل کے اجراء کی منظوری دیجاتی ہے۔ لہذا بغرض اطلاع عام درج گزٹ کرا دیا جائے۔ بغرض تعمیل منصرم صاحب مطبع کے پاس مرسل ہو۔

دستخط صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر

یادداشت دفتر بخشی صاحب فوج۔ واقع ۲۴ دسمبر سنہ ۱۹۲۵ء

جو رقومات واپسی تنخواہ وغیرہ صیغہ جات متعلقہ سے بخشیگری میں داخل ہوتی ہیں۔ اُن رقومات کی رسید تحویلدار بخشیگری صیغہ متعلقہ کی کتاب پر دیا کرتا ہے۔ بعض صیغہ جات سے داخل آتے ہیں اُنپر رسید دیجاتی ہے۔ لیکن اس رسید کی کوئی نقل یادداشت بخشیگری میں نہیں رہتی۔ یہ عمل طریقہ حساب کے خلاف ہے اسلئے یکم جنوری سنہ ۱۹۲۶ء سے رقوم داخل شدہ کی رسید مطبوعہ بخشیگری سے دستخطی تحویلدار و مصدقہ بخشی دیجایا کریگی۔ اور اس رسید کا ایک پرت رسید بک میں بخشیگری میں رہیگا۔ رسید مطبوعہ کے خلاف کوئی دیگر رسید دستخطی تحویلدار یکم جنوری سنہ ۱۹۲۶ء سے ناجائز متصور ہوگی۔ لہذا بترسیل یادداشت ہذا باجلاس جناب صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر التماس ہے کہ براہ کرم اس بارہ میں بہ اندراج گزٹ جملہ صیغہ جات کو اطلاع فرما دیجائے۔

دستخط بخشی صاحب فوج

(The two receipt forms below are printed sideways on the page.)

رسید داخلہ رقوم صیغہ بخشیگری ریاست رامپور

نمبر رسید ... تاریخ ... سنہ ۱۹ء

مبلغ ... روپیہ ... آنہ ... پائی بابت ... تنخواہ ماہواری ... سنہ ۱۹ء صیغہ

بموجب عرض ارسال ... مرقومہ ... معرفت ... وصول پایا اور درج کھاتہ ... گوشوارہ ... گو

تعداد رقم بخط ہندی ... درج شد ... تعداد رقم بخط انگریزی ... Rs

دستخط تحویلدار — دستخط سیاہہ نویس — تصدیق دستخط بخشی

رسید داخلہ رقوم صیغہ بخشیگری ریاست رامپور

نمبر رسید ... تاریخ ... سنہ ۱۹ء

مبلغ ... روپیہ ... آنہ ... پائی بابت ... تنخواہ ماہواری ... سنہ ۱۹ء صیغہ

بموجب عرض ارسال ... مرقومہ ... معرفت ... وصول پایا اور درج کھاتہ ... گوشوارہ ... گو

تعداد رقم بخط ہندی ... درج شد ... تعداد رقم بخط انگریزی ... Rs

دستخط تحویلدار — دستخط سیاہہ نویس — تصدیق دستخط بخشی

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے یکم لغایت ۷ فروری ۱۹۲۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۵٠ار			۶٠ار		۶ار	
نخود خالص	۶٠ار			۶٠ار		۶ار	
نخود شکستہ آمیز	۶٠ار			۷٠ار		۷ار	
کسیر	۷ار			۷٠ار		۷ار	
ماش	۵٠ار			۵٠ار		۵ار	
مونگ	۴٠ار			۴ار		۵ار	
مکا	۸ار			۷٠ار		۸ار	
جئی	۹٠ار			۹ار		۱۰ار	
گوجئی	۸٠ار			۷ار		۸ار	
عدس	۶ار			۵ار		۶ار	
ارہر	۵٠ار			٠		۸ار	
برنج	۵ار			۵ار		۵٠ار	
روغن زرد	۲ چھٹانک			٠ار		٠ار	
روغن سیاہ	۱٠ار			۱۱ار		۱٠ار	
روغن کنجد	۱ار			۱۱ار		۱ار	
نمک سانبھر	۱۲ار			۱۱ار		۱۲ار	
نمک لاہوری	۶ار			٠		۸ار	
قند سیاہ	۶٠ار			۶ار		۶ار	
باجرہ	۷ار			٠		۷ار	

سرکاری پریس رامپور